# نئی حلقہ بندی کی گلاسری:
## کلیدی اصطلاحات

**مردم شماری** – آبادی میں موجود ہر فرد کا شمار کرنا اور سروے۔ امریکہ میں، مردم شماری ہر دس سال بعد منعقد کی جاتی ہے۔ آئین کی رو سے دوبارہ تعیناتی کے لیے مردم شماری درکارہوتی ہے اور ڈسٹرکٹ کی نئی حلقہ بندی کی کارروائی میں استعمال کی جاتی ہے۔

**مردم شماری کابیورو** – وفاقی حکومت کی ایجنسی جو مردم شماری کا انتظام کرتی ہے۔

**ووٹ ڈالنے کی عمر کی شہری آبادی (Citizen Voting Age Population) (CVAP)** – ووٹ ڈالنے کی عمر کی شہری آبادی (CVAP) 18 سال اور اس سے زائد کی مجموعی آبادی اور شہری ہیں۔ **(VAP**سے **متعلقہ)**

**باہمی اشتراکی ڈسٹرکٹ** – ایسا ڈسٹرکٹ جہاں مجموعی نسلی اقلیتیں آبادی کا اکثریتی حصہ بنتی ہیں اور جہاں ان مختلف نسلی گروہوں کے ووٹرز ترجیحی اقلیتی امیدوار کو منتخب کرنے کے لیے مل کر ووٹ دیتے ہیں۔ **(اقلیتی باہمی اشتراکی ڈسٹرکٹ بھی کہلاتے ہیں)**

**مشترکہ مفاد کی کمیونٹی** – ایک محلہ، کمیونٹی، یا لوگوں کا گروہ جن کی پالیسی کے حوالے سے مشترکہ دلچسپیاں ہوں اور ایک ہی ڈسٹرکٹ میں مل کر رہنے سے فائدہ اٹھا سکی۔

**اجتماع** – اجتماع ڈسٹرکٹ کے خدوخال کی وضاحت کرتا ہے۔ یہ ان حدود کی وضاحت کرتا ہے جو قریبی اور واضح انداز میں ایک ساتھ کھنچی ہوتی ہیں تاوقتیکہ کوئی حقیقی وجوہات موجود نہ ہوں جیسا کہ **VRA** کی تعمیل یا شہری حدود یا دریاؤں کی، انوکھے طرز کی حدود کی پیروی کرتے ہوئے۔

**ربط** – ایک ایسی خصوصیت جو حد کے واحد اور عدم مداخلتی خدوخال کو واضح کرتی ہے (جیسا کہ ڈسٹرکٹ میں موجود علاقے طبعی طور پر ایک دوسرے سے مربوط ہوں)۔

**کریکنگ** – نسلی اقلیتی کمیونٹی کو دو یا زائد ڈسٹرکٹس میں تقسیم کرنا تاکہ اقلیتی کمیونٹی کسی بھی ڈسٹرکٹ میں نمایاں حصہ نہ حاصل کرے۔ مثال کے طور پر، کریکنگ اس وقت وقوع پذیر ہوتی ہے جب اقلیتی آبادی اس حد تک بڑی ہو جائے کہ ایک ڈسٹرکٹ کا **50%** تک بن جائے لیکن اس کی بجائے، اسے دو یا زائد ڈسٹرکٹس میں تقسیم کر دیا جاتا ہے تاکہ اقلیتی کمیونٹی ہر ڈسٹرکٹ میں مختصر فیصد پر مشتمل ہو۔

**کراس اوور یا مواقع کی ڈسٹرکٹ** – ایسی ڈسٹرکٹ جہاں کچھ اکثریتی ووٹرز نسلی اقلیتوں کے ساتھ اقلیتی ترجیحی امیدوار کو منتخب کرنے کی خاطر ووٹ دینے کے لیے **"**کراس اوور**"** کریں۔ حقوق برائے ووٹنگ ایکٹ کی جانب سے کراس اوور یا مواقع کی ڈسٹرکٹس قانونی طور پر درکار نہیں۔

**انحراف اور انحرافی حد** – ڈسٹرکٹ کا انحراف ڈسٹرکٹ کی آبادی سے مثالی آبادی کا فرق ہوتا ہے۔ ڈسٹرکٹ کی نئی حلقہ بندی کے منصوبے کی انحرافی حد منصوبے کے سب سے بڑے انحراف سے منصوبے کا سب سے چھوٹا انحراف ہے۔

**مثالی آبادی** – ڈسٹرکٹ کی نئی حلقہ بندی کے منصوبے میں ڈسٹرکٹس کے لیے مجموعی آبادی کا ہدف۔ اس کا شمار ایک دائرہ اختیار میں شامل مجموعی آبادی کو لے کر اور ڈسٹرکٹ کی نئی حلقہ بندی کے منصوبے میں موجود ڈسٹرکٹس کی مجموعی تعداد سے تقسیم دے کر حاصل کیا جاتا ہے۔

**مدتِ ماموری (معیار)** – یقینی بناتا ہے کہ موجودہ منتخب عہدیدار کا دفتر ڈسٹرکٹ میں ہی موجود ہے۔

**اثر پذیر ڈسٹرکٹ** – ایسی ڈسٹرکٹ جہاں نسلی یا گروہی اقلیتی گروہ ووٹرز کی اکثریت تو نہیں بنا پاتا لیکن اقلیتی گروہ کے اتنے اراکین رکھتا ہے جو الیکشن پر یا منتخب کردہ نمائندے کے فیصلوں پر معقول حد تک اثر ڈال سکتے ہیں۔

**من مانی حلقہ بندی کرنا** – ڈسٹرکٹ کی ایسی حد بنانا جس سے ایک گروہ کو غیر منصفانہ انداز میں دوسرے گروہ پر فائدہ پہنچایا جائے۔ من مانی حلقہ بندی کرنا ڈسٹرکٹ کی نئی حلقہ بندی کی طرح نہیں ہوتا، لیکن من مانی حلقہ بندی ڈسٹرکٹ کی تشکیل نو کے دوران واقع ہو سکتی ہے۔ حقوق برائے ووٹنگ ایکٹ کی تعمیل میں اکثریتی-اقلیتی ڈسٹرکٹس کی تشکیل من مانی حلقہ بندی میں شمار نہیں کی جاتی۔

**GIS (جیوگرافک معلوماتی نظام)** – ڈسٹرکٹ کی نئی حلقہ بندی کے نقشہ جات تخلیق کرنے کے لیے استعمال ہونے والا کمپیوٹر سافٹ ویئر۔

**اکثریتی-اقلیتی ڈسٹرکٹ** – ایسی ڈسٹرکٹ جس میں ایک نسلی اقلیت ووٹنگ کی عمر کی شہری آبادی کے **50%** کے برابر یا اس سے زائد ہو۔ (ڈسٹرکٹ کی نئی حلقہ بندی کے اصولوں کو دیکھیں: حقوق برائے ووٹنگ ایکٹ)

**اقلیتی ووٹ کو کمزور کرنا** – ڈسٹرکٹس کی اس طرح سے تشکیل جس کے نتیجے میں اقلیتی ووٹرز کے پاس اپنی پسند کے نمائندے(نمائندوں) کو منتخب کرنے کا موقع کم ہو جائے۔ ایسا اکثر "پیکنگ" یا "کریکنگ" کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

**نیسٹنگ** – ڈسٹرکٹ کی تشکیل نو کا اصول جہاں ہر ایوان بالا (جیسا کہ اسٹیٹ سینٹ) ڈسٹرکٹ دو ایوان زیریں (جیسا کہ اسٹیٹ اسمبلی) ڈسٹرکٹس سے مل کر بنا ہو۔

**ایک فرد، ایک ووٹ** – آبادی کا مساوی اصول۔ ایک کہاوت جو آئینی تقاضے کو بیان کرتی ہے کہ ہر ڈسٹرکٹ مجموعی آبادی میں معقول حد تک مساوی ہو۔ عموماً، اس کا مطلب ہے کہ ہر ڈسٹرکٹ جو ڈسٹرکٹ کی نئی حلقہ بندی کے منصوبے میں موجود ہے اس میں عمر یا شہریت سے قطع نظر، لوگوں کی مساوی تعداد شامل ہونی چاہیئے۔

**پیکنگ** – اقلیتی آبادی کا معیار سے کم ڈسٹرکٹس کی تعداد میں زیادہ ارتکاز۔ مثال کے طور پر، پیکنگ اس وقت وقوع پذیر ہوتی ہے جب اقلیتی آبادی ایسی دو ڈسٹرکٹس جہاں اقلیتی آبادی ہر ڈسٹرکٹ کے **50%** پر مشتمل ہو کی بجائے ایک ڈسٹرکٹ کے **90%** پر مشتمل ہو۔

**تقسیم نو** – امریکی ایوانِ نمائندگان میں نشستوں کی ازسرِ نو تقسیم جو ریاست کی آبادی میں تبدیلی کی بنیاد پر کی جائے۔ یہ اس وقت وقوع پذیر ہوتا ہے جب ریاست کی کانگریس میں نمائندگی اس کی آبادی کے تناسب سے ہو۔تقسیم نو ڈسٹرکٹ کی تشکیل نو نہیں ہوتی، البتہ کچھ ریاستیں قابلِ مبادلہ طور پر اصطلاحات کو استعمال کرتی ہیں۔

**ڈسٹرکٹ کی نئی حلقہ بندی** – حکومتوں کی جانب سے ڈسٹرکٹ کی سیاسی حدود کو دوبارہ وضع کرنے کے لیے استعمال کیا جانے والا طریقہ اور جس کا حکومت کی تمام سطحوں پر اطلاق کیا جاتا ہے جہاں ڈسٹرکٹ الیکشنز منعقد ہوتے ہیں۔ کم سے کم حد تک، آبادی میں تبدیلی کے ضمن میں، معقول حد تک مساوی آبادیوں کے حامل ڈسٹرکٹس تخلیق کرنے کے لیے ہر دس سال میں مردم شماری کے بعد نقشوں کو دوبارہ مرتب کیا جاتا ہے۔ ڈسٹرکٹ کی نئی حلقہ بندیوں کی کارروائیوں کی کئی اقسام ہوتی ہیں (ڈسٹرکٹ کی نئی حلقہ بندیوں کی مختلف کارروائیوں کے لیے حکمت عملی دیکھیں)

**حالات کی کلیت** – کیس کا فیصلہ کرنے کے لیے، کسی ایک عنصر یا اصول کے بجائے، تمام حالات کا جائزہ لینا۔

**اتصالی نقشہ** – ایک مجوزہ نقشہ جو متعدد کمیونٹی گروہوں کے اتحاد کی جانب سے بنا کر پیش کیا جاتا ہے جو کہ ان کی دلچسپیوں کی متعدد کمیونٹیز کے بیک وقت احترام کرنے کو ظاہر کرتا ہے۔

**ووٹ ڈالنے کی عمر کی آبادی (VAP)** – مجموعی آبادی جو **18** سالہ اور اس سے زائد ہو۔ (**CVAP** سے متعلقہ)

**حقوق برائے ووٹنگ ایکٹ (VRA)** – ایک وفاقی دستور جو یہ یقینی بنانے کے لیے **1965** میں پاس ہوا کہ ریاست اور مقامی حکومتیں ایسے کوئی قوانین یا پالیسیاں پاس نہ کریں جو نسل کی بنیاد پر امریکی شہریوں کے ووٹ دینے کے مساوی حقوق کی نفی کریں۔ **VRA** کا سیکشن **2** ووٹرز کو الیکشن کی تمام کارروائیوں میں نسل، رنگ، یا زبانی اقلیتی گروہ میں رکنیت سازی کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے محفوظ رکھتا ہے۔